# جینم کینٹین کنٹریکٹ

**جینم کینسر ہسپتال میں موجود مکمل تیار شدہ Purpose-built کینٹین/کیفے (2300 Square Foot) کو چلانے کے لیے مندرجہ ذیل شرائط پر رضامندی کے ساتھ تجربہ کار کنٹریکٹر کی ضرورت ہے۔**

1۔ کنٹین کا کنٹریکٹ زیادہ کرایہ دینے والے ٹھیکیدار کو دیا جائے گا۔

2۔ کنٹین کا کنٹریکٹ دینے سے قبل ابتدائی طور پر تین ماہ کی آزمائشی مدت مقرر کی جائے گی، جس کے دوران سروس کے معیار، صفائی اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا جائے گا۔ اگر کارکردگی تسلی بخش پائی گئی تو کنٹریکٹ جاری رکھا جائے گا (جو کہ ایک سال کے لیے قابلِ عمل ہو گا اور مزید دو سال کے لیے mutual consent سے قابلِ توسیع ہو گا)، بصورتِ دیگر ٹینڈر میں دوسرے نمبر پر آنے والے بڈر کو موقع دیا جائے گا۔

3۔ کنٹین کا مقررہ کرایہ اور بل ہر ماہ کی دس تاریخ تک جمع کروانا ہو گا۔

4۔ 03ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی (قابلِ واپسی) ایڈوانس جمع کروانا ہو گا۔

5۔ کنٹین کا کرایہ ہر سال 10 فیصد بڑھایا جائے گا (اگر معاہدہ کی تجدید ہوتی ہے)۔

6۔ یوٹیلیٹی بلز (بجلی، پانی) کمرشل ریٹ پر چارج کیے جائیں گے۔

7۔ کنٹین کا ابتدائی معاہدہ ایک سال کا ہو گا جو دونوں فریقین کی رضامندی کے ساتھ قابلِ تجدید ہو گا۔

8۔ کنٹین کنٹریکٹر فرنیچر اور دیگر سامان جو کہ ادارہ کی ملکیت ہو گا، اس کی حفاظت و سالمیت کا ذمہ دار ہو گا۔ کسی قسم کے نقصان کا ذمہ دار کنٹریکٹر ہو گا اور وہی پورا کرے گا۔

9۔ کنٹین کمیٹی اس امر کی مجاز ہے کہ وہ کسی بھی وقت صفائی، اشیائے خورد و نوش کا معیار اور سروس کا معیار بھی چیک کر سکتی ہے، بصورتِ دیگر مناسب جرمانہ یا ایک ماہ کے نوٹس پر معاہدہ کی تنسیخ کر سکتی ہے۔ اس صورت میں کلیئرنس کروانا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہو گا۔ علاوہ ازیں دیگر معاملات میں ڈائریکٹر جینم کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

10۔ کمیٹی سے منظور شدہ ریٹ لسٹیں نمایاں جگہ پر آویزاں کرنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہو گی۔

11۔ کسی بھی چیز کا ریٹ کینٹین کمیٹی کی اجازت کے بغیر نہیں بڑھایا جائے گا۔

12۔ تمام اشیاء کی قیمتیں کینٹین کمیٹی سے منظور کروانا لازمی ہو گا۔ کیفے ایٹمز (بسکٹس، جوسز، کولڈ ڈرنکس وغیرہ) اچھی کوالٹی کی رکھی جائیں گی، جن کی الگ سے فہرست کمیٹی سے منظور کروانا ہو گی۔ کمپنی پراڈکٹس کی پرنٹڈ پرائس سے زیادہ قیمت نہیں لی جائے گی۔

13۔ کنٹین کی سجاوٹ/صفائی وغیرہ کروانا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہو گی۔

14۔ کھاتہ داری کے لیے کمپیوٹرائزڈ پرنٹ شدہ رسید، جس پر نمبر موجود ہو گا، استعمال کی جائے گی تاکہ سرکاری اور قانونی معاملات میں استعمال کی جا سکے۔

15۔ کنٹین میں بہترین کراکری استعمال کی جائے گی اور کھانے کے لیے سٹیل کی چھری، چمچ اور کانٹا فراہم کیے جائیں گے۔ شکایت کی صورت میں کنٹین کنٹریکٹر جواب دہ ہو گا۔

16۔ کنٹین کمیٹی کسی ایک یا تمام درخواستیں مسترد کرنے کی مجاز ہے۔

17۔ کمیٹی صارفین کی بار بار موصول ہونے والی شکایات اور معمول کے معائنے کے دوران مذکورہ بالا شرائط کی عدم پابندی کی صورت میں کنٹریکٹ منسوخ کرنے کی مجاز ہو گی۔ غیر معیاری اشیاء کی فروخت کی اجازت نہ ہو گی۔

18۔ کینٹین ورکرز کا اہل و تجربہ کار ہونا ضروری ہے۔ ان کی سیکیورٹی کلیئرنس/لوکل پولیس ویریفیکیشن کروانا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہو گی۔

19۔ کوئی سرکاری ملازم ٹینڈر میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

20۔ کھانے میں استعمال ہونے والی اشیاء/اجزاء اچھی کوالٹی کے ہونے چاہیں۔ کنٹریکٹر اشیائے خورد و نوش و دیگر ضروری سامان کی ایک تفصیلی فہرست مہیا کرے گا۔

21۔ کینٹین/کیفے کی دیکھ بھال اور بحالی و مرمت کی ذمہ داری کنٹریکٹر کی ہو گی۔ کمیٹی مندرجہ بالا تمام امور کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے ماہانہ وزٹ کرے گی۔

22۔ کنٹریکٹر کے لیے لازمی ہے کہ وہ تین ماہ میں پنجاب فوڈ لائسنس حاصل کرے گا۔

23۔ درخواستیں (بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی اور دس ہزار روپے -/Rs. 10,000 بطور Earnest Money) مورخہ 08 ستمبر 2026 دوپہر 12:00 بجے تک دفتر ہذا جمع کروانی ہوں گی، جو کہ اسی روز 12:30 بجے دفتر میں درخواست دہندگان کی موجودگی (اگر کوئی آنا چاہے) میں کھولی جائیں گی۔

24۔ کھانے کا بنیادی مینو مندرجہ ذیل رکھنا لازمی ہو گا۔

| کھانا | ایٹمز | کم از کم دورانیہ |
|---|---|---|
| ناشتہ | انڈا+ بریڈ یا پراٹھا+ چائے+ایک اضافی ایٹم (اگر رکھنا چاہیں) | 7-10 am |
| اسنیکس | دہی بھلے، فروٹ چاٹ، سموسہ یا برگر (کوئی ایک ایٹم)+چائے | All Day |
| کھانا/لنچ | سبزی+روٹی، بریانی+رائتہ، چکن+روٹی/نان، دال/حلیم+روٹی (کوئی ایک چیز روٹیشن وائز) | 10 am – 05 pm |

25۔ کنٹریکٹر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام ورکرز مریضوں/سٹاف کے ساتھ نہایت خوش اخلاقی سے پیش آئیں گے اور کسی جھگڑے کی صورت میں اُس ورکر کو تبدیل کیا جائے گا۔

26۔ کسی تنازع کی صورت میں کمیٹی/ڈائریکٹر جینیم کا فیصلہ آخری ہو گا، جو کہ کسی کورٹ میں قابل چیلنج نہ ہو گا۔ نہایت شائستہ انداز میں مریضوں اور سٹاف کے ساتھ مطلوبہ معیار کو برقرار رکھنا ہو گا۔

27۔ تمام قوانین/شرائط و ضوابط اسٹامپ پیپر پر دینا ہوں گی۔

**نوٹ:** امیدواران کینٹین/کیفے کا معائنہ کرنے کے لیے ایڈمن ڈیپارٹمنٹ جینیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**(ایڈمنسٹریٹر)**

**جینم کینسر ہسپتال**

**نظام پور، سیالکوٹ روڈ، گوجرانوالہ**